نیوز ریلیز

# یوٹیلیٹی بِلوں کو مزید قابل استطاعت بنانا

22 اپریل، 2024ء میڈیا انکوائریز

## البرٹا کے ٹیکس دہندگان کے تحفظ کی خاطر البرٹا کی حکومت لوکل ایکسیس فِیسوں کو کم اور مستحکم کرنے کیلئے قانون سازی متعارف کروا کر کاروائی کر رہی ہے۔

استطاعت البرٹا کی حکومت کیلئے ایک اولین ترجیح ہے، جس میں یوٹیلیٹیز کی لاگت ایک بڑا نقطہ ارتکاز ہے۔ یوٹیلیٹی بِلوں کی لاگتوں کو کم کرنے میں مدد کیلئے قانون سازی متعارف کروا کر، حکومت البرٹنز کیلئے زندگی کو مزید قابل استطاعت بنانے کے اپنے عزم پر عمل پیرا ہے۔ یہ بجلی کی قیمتوں میں اضافوں کو روکنے کیلئے نئے قلیل المدتی اقدامات کے علاوہ ہے اور یہ البرٹنز کے بنیادی گھریلو اخراجات کیلئے طویل المدتی استطاعت کو یقینی بنانے میں مدد دے گا۔

"البرٹنز کو بجلی کی زیادہ قیمتوں میں ریلیف کی ضرورت ہے اور ہم لوکل ایکسیس فِیسوں میں انصاف لا کر یہ ریلیف فراہم کر سکتے ہیں۔ ہم میونسپلٹیوں کو اجازت نہیں دیں گے – بشمول سٹی آف کیلگری – کہ وہ بجلی کی قیمتوں میں غیر متوقع اضافے سے منافع حاصل کریں جبکہ خاندان اپنی ضروریات زندگی کو پورا کرنے کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں۔ ہم صوبے بھر میں لوکل ایکسیس فِیس کے حساب کتاب کو معیاری بنا کر البرٹا کے خاندانوں کو بجلی کی قیمتوں کے شدید ہچکولوں سے بچائیں گے۔"

*ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)*

لوکل ایکسیس فِیسیں بطور راجع میونسپل ٹیکس کام کر رہی ہیں جو صارفین اپنے یوٹیلیٹی بِلوں پر ادا کرتے ہیں۔ یہ میونسپلٹیوں کیلئے ناقابل قبول ہے کہ وہ البرٹا کے ٹیکس دہندگان کی پشتوں پر کروڑوں کی اضافی آمدنی حاصل کریں اور اپنی فِیسوں کو متغیر شرح سے جوڑ کر ان کے یوٹیلیٹی بِلوں کو ناقابلِ پیشگوئی اخراجات کا باعث بنیں۔ 2023ء میں ایڈمنٹن میں اوسطاً 75 ڈالر کے مقابلے میں کیلگری کے باشندوں نے مقامی ایکسیس فِیسوں میں اوسطاً 240 ڈالر ادا کئے، جو کیلگری کے متغیر شرح والے فارمولے پر انحصار کرنے کی وجہ سے ہوا۔ اسی وجہ سے سٹی آف کیلگری کی طرف سے توقع سے زائد 186 ملین ڈالر فِیسیں جمع کی گئیں۔

"البرٹنز منصفانہ اور قابل پیشگوئی یوٹیلیٹی بِلوں کے حقدار ہیں۔ ہماری حکومت البرٹنز کی بات سُن رہی ہے اور بجلی کے بِلوں پر ناقابل استطاعت فِیسوں سے نمٹنے کیلئے کاروائی کر رہی ہے۔ اس قانون سازی کو متعارف کروا کر، ہم اس بات کو یقینی بنانے کی طرف ایک اور قدم اٹھا رہے ہیں کہ آنے والی نسلوں کیلئے ہمارا بجلی کا گرِڈ (grid) قابل استطاعت، قابل اعتماد، اور پائیدار ہے۔"

*نیتھن نیوڈورف (Nathan Neudorf)، استطاعت اور یوٹیلیٹیز کے وزیر*

Classification: Public

البرٹا کے ٹیکس دہندگان کے تحفظ کیلئے، البرٹا کی حکومت *یوٹیلیٹیز افورڈایبیلیٹی اسٹیٹیوس ایمینڈمینٹ ایکٹ، 2024ء* متعارف کروا رہی ہے۔ اگر یہ پاس ہو جاتا ہے، تو یہ قانون میونسپلٹیوں کی لوکل ایکسیس فِیسوں کا حساب لگاتے وقت متغیر شرحوں کے استعمال پر پابندی لگا کر یوٹیلیٹی بِلوں کیلئے طویل المدتی استطاعت اور پیشگوئی کو فروغ دے گا۔

متغیر ریٹس انتہائی غیر مستحکم ہیں، جس کے نتیجے میں بجلی کے بِلوں میں زبردست اتار چڑھاؤ ہوتا ہے۔ جب میونسپلٹیاں اس ریٹ کو اپنی لوکل ایکسیس فِیسوں کا حساب کتاب کرنے کیلئے استعمال کرتی ہیں، تو اس کے نتیجے میں البرٹنز کو زیادہ بِل آتے ہیں اور خاندانوں کے بجٹ میں غیر یقینی کی صورت حال پیدا ہوتی ہے۔ یہ مجوزہ تبدیلیاں صوبے بھر میں میونسپل فِیسوں کا حساب کتاب لگانے کے طریقے کو معیاری بنائیں گی، اور زیادہ تر میونسپلٹیوں کے موجودہ فارمولوں کے ساتھ ہم آہنگ ہونگی۔

اگر پاس ہو جاتا ہے، تو *یوٹیلیٹیز افورڈایبیلیٹی اسٹیٹیوس ایمینڈمینٹ ایکٹ، 2024ء* میونسپلٹیوں کو مستقبل میں البرٹا کے ٹیکس دہندگان سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرنے سے روک دے گا۔ یہ *الیکٹرک یوٹیلیٹیز ایکٹ* اور *گیس یوٹیلیٹیز ایکٹ* کے سیکشنز میں ترمیم کر دے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ البرٹا یوٹیلیٹیز کمیشن کے پاس ایسی مضبوط ریگولیٹری نگرانی ہو کہ ان میونسپل فِیسوں کو کس طرح کیلکولیٹ کیا جاتا ہے اور انہیں کیسے لاگو کیا جاتا ہے، اور اس بات کو کیسے یقینی بنایا جائے کہ ٹیکس دہندگان کے بہترین مفادات کا تحفظ ہو سکے۔

اگر پاس ہو جاتا ہے، تو یہ قانون *البرٹا یوٹیلیٹیز کمیشن ایکٹ*، *الیکٹرک یوٹیلیٹیز ایکٹ*، *گورنمینٹ آرگنائزیشنز ایکٹ* اور *ریگولیٹڈ ریٹ آپشن سٹیبیلیٹی ایکٹ* کے سیکشنز میں بھی ترمیم کر دے گا تاکہ "ریگولیٹڈ ریٹ آپشن"، "آر آر او"، اور "ریگولیٹڈ ریٹ پرووائیڈر" کی اصطلاحات کو "ریٹ آف لاسٹ ریزورٹ" اور "ریٹ آف لاسٹ ریزورٹ پرووائیڈر" سے تبدیل کر دیا جائے، جیسا کہ یہ قابل اطلاق ہے۔

## فوری حقائق

- لوکل ایکسیس فِیسیں بنیادی طور پر وہ ٹیکس ہیں جو میونسپلٹیاں بجلی کے ڈسٹری بیوٹروں سے وصول کرتی ہیں۔ پھر یہ فِیسیں میونسپلٹی میں ڈسٹری بیوٹر کے تمام صارفین کو بھیجی جاتی ہیں، اور وہ ان کے یوٹیلیٹی بِلوں پر لائن آئٹم کے طور پر ظاہر ہوتی ہیں۔
  - *میونسپل گورنمینٹ ایکٹ* میونسپلٹیوں کو فرنچائز اور لوکل ایکسیس فِیسیں وصول کرنے، ترمیم کرنے یا ان کی حد مقرر کرنے کا اختیار دیتا ہے۔

- لینیئر (Linear) ٹیکسز اور فرنچائز فِیسوں کو عام طور پر صارفین کے بجلی کے بِلوں پر ایک لائن آئٹم پر **لوکل ایکسیس فِیس** کے طور پر اکٹھا کیا جاتا ہے۔
  - **لینیئر (Linear) ٹیکس**، میونسپلٹی کی پراپرٹی پر تعمیر کا حق استعمال کرنے، آپریشن، اور یوٹیلیٹی کی توسیع کیلئے یوٹیلیٹی سے وصول کیا جاتاہے۔
  - **فرنچائز فِیس** وہ وصولی ہے جو یوٹی یوٹیلیٹی لیٹی کی طرف سے میونسپلٹی کو میونسپلٹی میں سروس فراہم کرنے کے خصوصی حق کیلئے ادا کی جاتی ہے۔

- لوکل ایکسیس فِیسیں عام طور پر دو طریقوں میں سے ایک طریقے سے کیلکولیٹ کی جاتی ہیں:
  - (1) ترسیل اور ڈسٹری بیوشن (ڈلیوری) کے اخراجات کی فیصد، عام طور پر 10-15 فیصد ہے۔
  - (2) ایک مقررہ، سینٹس فی کلوواٹ-گھنٹہ استعمال شدہ بجلی کا چارج (سٹی آف ایڈمنٹن)

- کیلگری واحد میونسپلٹی ہے جو دو حصوں کی فِیس کے حساب کتاب کا فارمولہ استعمال میں لاتی ہے:
  - ٹرانسمشن اورڈسٹری بیوشن چارجز کا 11.11 فیصد **جمع** ریگولیٹڈ ریٹ آپشن کا 11.11 فیصد ضرب استعمال شدہ میگاواٹ کے گھنٹے۔

## متعلقہ معلومات

- یوٹیلیٹی بِلوں کو مزید قابل استطاعت بنانا
- یوٹیلیٹیز کنزیومر ایڈووکیٹ
- بِل 19: یوٹیلیٹیز افورڈیبیلیٹی اسٹیٹیوٹس ایمینڈمینٹ ایکٹ، 2024ء

## متعلقہ خبریں

- بجلی کو مزید قابل استطاعت بنانا (18 اپریل، 2024ء)

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں
- نیوز کانفرنس سُنیں

## میڈیا انکوائریز

**ایشلے ایم اسٹیونسن (Ashley M Stevenson)**

587-357-2141
پریس سیکریٹری، استطاعت اور یوٹیلیٹیز